اسلامیات (لازمی)	نہم 2018ء	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 15 منٹ	(پہلا گروپ)	کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- قرآنِ مجید کتاب ہے:

(a) پہلی (b) دوسری
(c) تیسری (d) آخری ✓

2- زکوۃ فرض ہے:

(a) ہر مسلمان صاحبِ نصاب پر ✓ (b) ہر مسلمان پر
(c) ہر شہری پر (d) ہر غریب پر

3- انسان محبت کرے تو صرف:

(a) اللہ کے لیے ✓ (b) وطن کے لیے
(c) فائدے کے لیے (d) دولت کے لیے

4- حدیث کے مطابق ناجائز کام میں ساتھ نہ دیں اپنے/ اپنی:

(a) دوستوں کا (b) بھائیوں کا
(c) قوم کا ✓ (d) دشمن کا

5- اللہ ان کے درجات بلند فرمائے گا جن کو دیا گیا:

(a) مال (b) حُسن و جمال
(c) اقتدار (d) علم ✓

6- جن لوگوں نے ہجرت کی اور جنھوں نے ہجرت کرنے والوں کو جگہ دی ایک دوسرے کے ہیں:

(a) قیدی (b) رشتہ دار

(c) رفیق ✓ (d) دشمن

7- شیطان نے کافروں کو آراستہ کر کے دکھائے ان کے:

(a) مکان (b) باغات

(c) سامان (d) اعمال ✓

8- اِلٰہ سے مراد ایسی ذات ہے جس کی کی جائے:

(a) اطاعت (b) عبادت ✓

(c) حفاظت (d) نگہبانی

9- تَصْدِیَۃً کا معنی ہے:

(a) تالیاں بجانا ✓ (b) دوڑنا

(c) مسکرانا (d) رونا

10- مجاہد لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے ------- کے بارے میں دریافت کرتے تھے۔

(a) مالِ غنیمت ✓ (b) بخشش

(c) عبادت (d) عقل